| Narration | Time |
| --- | --- |
| Meet The GIMP کے اسپوکن ٹیوٹوریل میں خوش آمدید. | 00:25 |
| یہ ٹیوٹوریئل شمالی جرمنی کے بریمین میں رالف سٹانرٹ کی طرف سے تیار کیا گیا ہے. | 00:28 |
| اب اس ٹیوٹوریئل کے ساتھ شروعات کرتے ہیں. | 00:33 |
| یہ Curves کے بارے میں ہے. | 00:35 |
| سب سے پہلے میں ٹول باکس میں Curves ٹول کو فعال کرتا ہوں اور پھر امیج پر کلک کرتا ہوں. | 00:37 |
| آپ دیکھ سکتے ہیں کہ Curves ٹول میں ایک ہسٹوگرام ہے اور یہاں گرے اسکیل کے ساتھ 2 بار ہیں. | 00:44 |
| پھر curves ٹول میں سے منتخب کرنے کے لئے کچھ بٹنس ہیں جیسے preview، save، open وغیرہ. | 00:58 |
| لیکن اب کے لئے ہم Curve ٹول کے گرے اسکیل بار پر توجہ مرکوز کریں گے. | 01:06 |
| یہاں یہ بار سورس امیج کی مختلف کلر رینج کو ظاہر کرتا ہے. | 01:11 |
| اور اس بار میں ہمارے پاس کچھ پکسلس ہیں جو واقعی میں گہرے ہیں اور کچھ پکسلس ہیں جو واقعی اُجلے ہیں اور درمیان میں گہرے سے اُجلے کی اور کچھ پکسلس ہیں. | 01:20 |
| یہاں یہ ہورزنٹل یعنی افقی بار 256 مختلف کلر ٹونز رکھتا ہے. | 01:33 |
| اس بار پر ابتدائی پوائنٹ زیرو ہے جو کالا ہے اور آخری پوائنٹ 255 ہے جو سفید ہے. | 01:39 |
| اور مثال کے لئے یہ یہاں 184، سرمئی ہے. | 01:49 |
| یہ امیج بہت سارے کلر رکھتی ہے اور یہاں میں چینل بدل کر آپ کو مختلف رنگ دکھا سکتا ہوں. | 01:53 |
| اب colour channel میں red منتخب کریں اور آپ امیج میں سرخ ٹونز دیکھ سکتے ہیں. | 02:01 |
| اسی طرح آپ کے متعلقہ ٹونز حاصل کرنے کے لئے اسے سبز یا نیلے سے تبدیل کر سکتے ہیں. | 02:07 |
| اور اس امیج میں یہ بہت حیرت انگیز نہیں ہے کیونکہ گرین چینل ایک غالب چینل ہے جس میں بہت سی ویلیوز ہوتی ہیں. | 02:14 |
| اب Reset channel پر کلک کرتے ہیں. | 02:24 |
| ہر ٹون کے اوپر ہسٹوگرام کا curve ، پکسلس کی گنتی ہے جو لیومنسٹی یعنی چمک رکھتے ہیں. | 02:27 |
| اور یہاں ہمارے پاس ایک ایسا علاقہ ہے جہاں اس ٹرمینل کے ساتھ پکسلس تقریباً اتنے ہی ہیں جتنی بار پر اس ٹرمینل پر ہیں. | 02:38 |
| ہسٹوگرام دکھاتا ہے کہ یہاں سب سے زیادہ کلر رینج ہے. | 02:49 |

| | |
|---|---|
| 02:56 | آپ امیج میں جائیں جب curve ٹول فعال ہوتا ہے اور ماؤس کرسر ایک چھوٹے dropper میں بدل جاتا ہے، جب میں یہاں کلک کرتا ہوں تو ہسٹوگرام میں لائن اس پوائنٹ پر شفٹ یعنی منتقل ہوتی ہے۔ |
| 03:10 | آپ امیج میں کلک کر سکتے ہیں اور امیج میں کون سا ٹون کہاں ہے یہ جاننے کے لئے گھوم سکتے ہیں۔ |
| 03:18 | اب ہم نے یہاں ہورِزنٹل بار کو کور کر لیا ہے۔ |
| 03:22 | اور یہ یہاں آوٹ پُٹ ہے۔ |
| 03:26 | یہاں بھی 256 مختلف ویلیوز ہیں اور یہ امیج بناتی ہیں۔ |
| 03:33 | ہورِزنٹل بار میں وہ ڈیٹا ہوتا ہے جو curve میں رکھا جاتا ہے اور ورٹِکل یعنی عمودی بار میں آوٹ پُٹ ہوتا ہے۔ |
| 03:44 | درمیان میں یہ جو لائن آپ کے گراف کو کراس کرتی ہے، ٹرانسلیشن فنکشن ہے۔ |
| 03:53 | جب میں ٹرانسلیشن curve میں درمیانی گرے سے اوپر ٹرانسلیشن curve پر جاتا ہوں اور پھر جب میں بائیں جانب ورٹکل بار پر جاتا ہوں تو میں دوبارہ مڈ گرے پر پہنچتا ہوں۔ |
| 04:04 | میں جتنا چاہوں اس curve کو کھینچ سکتا ہوں اور جب میں اسے نیچے کھینچتا ہوں تو آپ دیکھتے ہیں کہ امیج زیادہ گہری ہو جاتی ہے۔ |
| 04:13 | اور اب جب میں مڈ گرے سے curve پر جاتا ہوں اور پھر بائیں طرف جاتا ہوں، تو میں ڈارک گرے پر پہنچتا ہوں۔ |
| 04:23 | آپ یہاں دیکھتے ہیں کہ یہاں نچلا بار بنیادی ان پٹ ہے اور ورٹکل بار curve ٹول کا آوٹ پُٹ ہے۔ |
| 04:34 | میں بہت سے مختلف طریقوں سے اس curve کو بدل سکتا ہوں، جس کی تقریبا کوئی حد نہیں ہیں۔ |
| 04:43 | ایک حد ہے کہ میں curve کو پیچھے کی طرف نہیں کھینچ سکتا اور جیسے ہی میں ایسا کرتا ہوں curve ٹول پر جو پوائنٹ ہے وہ کھو جاتا ہے۔ |
| 04:53 | لیکن اگر میں امیج میں کوئی بھی اُجلا پکسل نہیں دیکھنا چاہتا، تو میں سارے پوائنٹس نیچے کھینچتا ہوں اور پھر امیج تقریبا کالی ہو جاتی ہے۔ |
| 05:10 | بس اس پوائنٹ کو یہاں اوپر ڈریگ کریں اور آپ کو یہاں کچھ روشن مواد مل سکتا ہے۔ |
| 05:17 | آپ Curves ٹول کے ساتھ تب تک کھیل سکتے ہیں جب تک ویسی امیجیس حاصل نہیں ہو جاتی جو بہت سالوں پہلے فیشن میں رہی ہیں |
| 05:28 | ہم reset بٹن پر کلک کر کے curve کو دوبارہ شروع کر سکتے ہیں اور بنیادی curve حاصل کر سکتے ہیں۔ |
| 05:34 | curves ٹول میں کچھ زیادہ بٹن ہیں جیسے Linear Mode اور Logarithmic Mode |

| | |
|---|---|
| 05:42 | logarithmic موڈ میں آپ کو چھوٹی ویلیوز بڑھ کر حاصل ہوتی ہیں. |
| 05:49 | یہاں linear موڈ میں اس لائن کی ویلیو، اس لائن سے دُگنی ہے |
| 05:56 | logarithmic موڈ میں یہ لائن 1، یہ 10، یہ 100 اور یہ 1000 ہو سکتی ہے. |
| 06:06 | ہر سٹیپ دس گنا زیادہ ویلیو دیتا ہے اور اس کے ساتھ آپ چھوٹے پکسلس دیکھتے ہیں جو Linear موڈ میں چھپے ہوئے ہیں. |
| 06:17 | آپ اسے اس کونے میں دیکھتے ہیں آپ یہ نہیں کہہ سکتے کہ یہاں پر وہ پکسلس ہیں جن کی ویلیو 250 سے زیادہ ہے |
| 06:27 | لیکن Logarithmic میں، آپ دیکھتے ہیں کہ امیج کی مکمل رینج پر ہمارے پاس پکسلس ہیں. |
| 06:40 | پھر یہاں Curve type نامی ایک بٹن ہے، اب تک میں نے یہاں وہ ٹول استعمال کیا جہاں curve میں گھماو حاصل ہوتا ہے اور جب میں curve ٹائپ بدلتا ہوں تو میں واقعی curve کو پینٹ کر سکتا ہوں اور کچھ دلچسپ چیزیں حاصل ہوتی ہے جو میں نے ابھی تک استعمال نہیں کی ہیں. |
| 07:12 | پھر یہاں save ڈائیلاگ اور open ڈائیلاگ بٹن ہیں. |
| 07:17 | جب آپ Curves میں تبدیلی کر لیں تو آپ اسے آگے استعمال کرنے کے لئے اسے سیو کر سکتے ہیں اور جب آپ کو ضرورت ہو آپ اسے واپس حاصل کر سکتے ہیں. |
| 07:28 | میں ایک آدمی کو جانتا ہوں جو بہت سی شادیوں میں شوٹنگ کرتا ہے اور اس کے پاس ایک خاص روشن شارٹ curve ہے جو سفید لباس کو ساخت دینے کے لئے سفید میں اچھی طرح ایڈجسٹ کیا ہوا ہے. |
| 07:42 | اس امیج میں، میں curve ٹول کو کیسے استعمال کروں. |
| 07:47 | میں امیج کے سیاہ حصے کو تھوڑا زیادہ گہرا کرنا چاہتا ہوں. |
| 07:52 | میں درمیان والے حصوں کو ایسا ہی رکھنا چاہتا ہوں اور میں روشن حصے کو تھوڑا زیادہ روشن کرنا چاہتا ہوں. |
| 08:00 | اور اس کے لئے مجھے لگتا ہے کہ میں 'S' curve استعمال کروں گا. |
| 08:06 | میں curve کے نچلے حصے کو تھوڑا نیچے کھینچتا ہوں اور آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ڈارک حصہ تھوڑا زیادہ گہرا ہو جاتا ہے اور روشن حصہ پر جاتا ہوں، curve کو تھوڑا اوپر کرتا ہوں اور روشن حصہ کو زیادہ روشن بناتا ہوں. |
| 08:25 | مزید برائٹنیس کے لئے آپ curve کو تھوڑا سا زیادہ کھینچ کر کر سکتے ہیں. |
| 08:39 | جب میں OK پر کلک کرتا ہوں curve کی ویلیوز اسٹور یعنی جمع ہوتی ہیں. |
| 08:44 | اور جب میں اس عمل کو رِپیٹ یعنی اعادہ کرتا ہوں تو آپ دیکھ سکتے ہیں کہ ہسٹوگرام بدل گیا ہے. |

| | |
|---|---|
| 08:52 | یہاں بغیر پکسلس کے، درمیان میں کوئی ویلیوز نہیں ہیں اور جب میں Logarithmic موڈ پر کلک کرتا ہوں، وہاں بھی آپ دیکھ سکتے ہیں کہ کچھ خاص پکسلس کے لئے کوئی ویلیوز نہیں ہیں. |
| 09:04 | ہر بار جب آپ curves ٹول استعمال کرتے ہیں تو آپ امیج میں کچھ پکسلس کو کھو دیتے ہیں. |
| 09:12 | لہذا curve آپریشن کا برعکس کرنے کیلئے انڈو کرنے کی کوشش نہ کریں یعنی یہاں curve اوپر کی اور اور یہاں curve نیچے کی اور کھینچ کر۔ |
| 09:24 | OK پر کلک کریں اور اب آپ دیکھ سکتے ہیں کہ یہ اور خراب ہوتا جاتا ہے اور اس کے نتائج میں آپکو امیج کلر بینڈنگ کے ساتھ ملتی ہے. |
| 09:38 | لہذا صرف ایک تبدیلی کرنے کے لئے Curves ٹول استعمال کریں اسے صحیح طریقے سے استعمال کریں نہیں تو آپ امیج میں پیکسیلس کھو دیں گے اور آپ کو کلر بینڈنگ والی امیج ملے گی. |
| 09:56 | مجھے لگتا ہے کہ اس ٹیوٹوریل کے لئے اتنا ہی. |
| 10:01 | اور مجھے امید ہے کہ آپ اگلے ٹیوٹوریل کے لئے یہیں ملیں گے. |
| 10:08 | اگر آپ تبصرہ کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی info@meetthegimp.org پر لکھیں اور میں آپ سے سننا چاہوں گا لہذا میرے بلاگ پر تبصرہ کریں. |
| 10:23 | اس ٹیوٹوریل کا ترجمہ اور صدابندی میں نے یعنی وجاحت احمد نے کی ہے . شامل ہونے کے لئے شکریہ. |